38934 ـ اللہ تعالی سے کئی بار معصیت ترک کرنے کا وعدہ کیا لیکن پھر معصیت کا ارتکاب کر لیا

سوال

میں نے اللہ تعالی سے ایك معصیت کا ارتکاب نہ کرنے کا وعدہ کیا لیکن ہر بار اللہ تعالی سے کیا ہوا وعدہ توڑ دیتا اور اس معصیت کا ارتکاب کر لیتا، لیکن پھر جلد ہی مجھے ندامت ہوتی اور میں اللہ سبحانہ و تعالی کے سامنے توبہ کرتا اور توبہ کی دو رکعت ادا کرتا (میرے دل میں آتا میں کہ ہر گناہ کے لیے توبہ ہے) اور نماز سے فارغ ہو کر نئے سرے سے معصیت کا مرتکب نہ ہونے کا وعدہ کرتا، لیکن ایمان کمزور ہونے کی بنا پر کچھ ایام کے بعد پھر اسی معصیت کا مرتکب ہوتا، اور دوبارہ اللہ تعالی سے توبہ کرتے ہوئے پھر وعدہ کرتا، یہ کئی بار ہوا، میرا سوال یہ ہے کہ:
ہر بار وعدہ خلافی کرنے کی پاداش میں مجھ پر کیا لازم آتا ہے، اب اللہ تعالی نے مجھ پر احسان کیا ہے کہ میں ان فحش کاموں سے دور ہو چکا ہوں اور اللہ تعالی سے خالص اور سچی توبہ کر چکا ہو ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم اللہ تعالی کا شکر اور اس کی تعریف کرتے ہیں کہ اس نے آپ کو سچی اور خالص توبہ کرنے کی توفیق سے نوازا، اور اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کو دین پر ثابت قدم رکھے، اور اس پر استقامت دے.

آپ نے جو سوال کیا ہے اس کے متعلق گزارش ہے کہ:

اللہ تعالی سے عہد اور وعدہ کرنا یہ نذر اور قسم کےالفاظ میں شمار ہوتے ہیں.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

اور ان میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو اللہ تعالی سے وعدہ کرتے ہیں کہ اگر اللہ تعالی انہیں اپنے فضل سے مال دے تو وہ صدقہ کرینگے اور نیك لوگوں میں سے ہو جائینگے التوبۃ (75).

ابو بکر الجصاص رحمہ اللہ تعالی " احکام القرآن " میں اس آیت کے بارہ میں کہتے ہیں:

اس آیت میں دلیل ہے کہ: جس نے ایسی نذر مانی جو اطاعت اور اللہ تعالی کے قرب کی ہو تو اسے وہ نذر پوری کرنا ہو گی، کیونکہ اللہ تعالی سے کیا ہوا وعدہ اورعہد نذر اور واجب ہوتا ہے. اھـ

دیکھیں: احکام القرآن (3 / 208).

امام زہری رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

جس کسی نے بھی اللہ تعالی سے کسی کام کا عہد کیا اور اسے توڑ دیا تو اسے اللہ تعالی کا مقرر کردہ قسم کا کفارہ ادا کرنا چاہیے.

اسے المدونۃ میں نقل کیا گیا ہے، دیکھیں: المدونۃ (1 / 580).

اور صاحب المدونہ کا کہنا ہے:

(یہ ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما، اور عطاء بن ابی رباح، یحیی بن سعید، کا قول ہے، ابن وہب نے سفیان ثوری سے وہ فراس سے اور وہ شعبی رحمہ اللہ تعالی جمیعا سے بیان کرتے ان کا کہنا ہے: جب کوئی کہے کہ میرا اللہ تعالی کے ساتھ عہد اور وعدہ ہے، تو یہ قسم ہے) انتہی.

اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ " الاختیارات " میں کہتے ہیں:

جب کوئی شخص یہ کہے: میں اللہ تعالی سے عہد اور وعدہ کرتا ہوں کہ اس برس حج کرونگا، تو یہ نذر اور عہد اور قسم ہے. اھـ

دیکھیں: الاختیارات (562 ـ 563).

اور جب نذر سے وہی چیز مقصود ہو جو قسم کا مقصد ہوتا ہے کہ اپنے آپ کا کسی دوسرے کو کسی معین چیز کے فعل یا عدم فعل پر ابھارنا مقصود ہو تو اس کا حکم قسم کا ہوتا ہے، اور اگر اسے پورا نہ کرے تو اس میں قسم کا کفارہ واجب ہوتا ہے.

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی " المغنی " میں کہتے ہیں:

وہ نذر جو قسم کی جگہ کسی فعل کے کرنے یا کسی فعل سے روکنے پر ابھارے، اور اس کا اس سے نذر مقصد نہ ہو، اور نہ ہی قرب حاصل کرنا، تو اس کا حکم قسم کا ہے. اھـ

دیکھیں: المغنی لابن قدامہ المقدسی (13 / 622).

لہذا اس بنا پر آپ کے ذمہ قسم کا کفارہ ہے، اور اگر تو قسم ایك فعل پر تھی تو اس میں ایك كفارہ لازم آتا ہے ـ سوال سے یہی ظاہر ہوتا ہے ـ اور اگر قسم کئی ایك افعال پر اٹھائی گئی ہو تو پھر ہر ایك فعل میں ایك كفارہ لازم آتا ہے.

شیخ الاسلام رحمہ اللہ تعالی " الاختیارات " میں کہتے ہیں:

کفارہ ادا کرنے سے قبل اس نے قسم میں تکرار کیا... تو صحیح یہی ہے کہ اگر وہ کسی فعل پر ہو تو اس میں ایك کفارہ ہے، وگرنہ دو کفارے. اھـ

دیکھیں: الاختیارات (562 ـ 563).

قسم کا کفارہ یہ ہے کہ: ایك غلام آزاد کیا جائے، یا دس مسکینوں کو کھانا دیا جائے، یا انہیں لباس مہیا کیا جائے، اور جسے یہ نہ ملیں وہ تین یوم کے روزے رکھے؛ کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اللہ تعالی تمہاری قسموں میں لغو قسم پر تمہارا مؤاخذہ نہیں کرتا، لیکن اس پر مؤاخذہ فرماتا ہے کہ تم جن قسموں کو مضبوط کردو، اس کا کفارہ دس محتاجوں کو کھانا دینا ہے اوسط درجے کا جو اپنے گھروالوں کو کھلاتے ہو یا ان کو لباس دینا، یا ایك غلام یا لونڈی آزاد کرنا، ہے، اور جو کوئی نہ پائے تو وہ تین دن کے روزے رکھے، یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب کہ تم قسم کھا لو، اور اپنی قسموں کا خیال رکھو! اسی طرح اللہ تعالی تمہارے واسطے اپنے احکام بیان فرماتا ہے تا کہ تم شکر کرو المآئدۃ (89).

آپ مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (9985) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم.